# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: چاند میری زمیں، پھول میرا وطن | |

**مقاصد:** نظم کو لے آہنگ اور درست تلفظ کے ساتھ روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں۔ جیسے:
- اپنا پسندیدہ ملّی ترانہ سنائیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو مزید بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صورت سی نظم "چاند میری زمیں، پھول میرا وطن" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھے نمبر لکھے ہوں۔
- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔ درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 62 کھلوائیں۔ بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور انھیں نظم کے اشعار تفویض کر دیں

- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 63 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "دہقاں" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ اور معانی پوچھیں۔ اور بورڈ پر اسکا معنی لکھیں: "کسان۔
- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دی گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: چاند میری زمیں، پھول میرا وطن | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی ناشپاتیاں، پلاسٹک کی تھیلیاں، جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھا لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق کے سوال نمبر 1 کے 5 سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔ کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم سے متعلق مصرعے مکمل کرنے اور کالم ملانے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو خاموشی سے نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کتابیں بند کروا دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہوں کو چارٹ کی بنی ہوئی ایک ایک ناشپاتی دیں، جن پر سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی ناشپاتیوں پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر مصرعے لکھ کر ان میں الفاظ لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس مصرعے کی ناشپاتی آئی ہے، وہ مصرع بورڈ پر تلاش کر کے اس میں درست لفظ لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• سوال 3 کے تحت دیے ہوئے مصرعوں کی پرچیاں بنائیں۔ ان کے سامنے دو ڈبے بنے ہوں جن میں دو مصرعے لکھے ہوں۔ ایک مصرع متعلقہ اور دوسرا غیر متعلقہ ہو۔<br>• مصرعوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال دیں۔<br>• بچوں کو 4 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے مصرعوں کی پرچیاں نکالیں۔ ان پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر آگے دیے ہوئے مصرعوں میں سے درست مصرعے سے ملا کر شعر مکمل کریں اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ان میں سوال 3 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی مصرع بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس مصرع پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس مصرع کو تلاش کرے گا اور اسے درست مصرعے سے ملائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 2 اور 3 کو بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں پر لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: چاند میری زمیں، پھول میرا وطن | |

**مقاصد:** نظم کا مرکزی خیال سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے نظم " ہماری گائے " سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سنائیں گے / گی۔ انھوں نے نظم "چاند میری زمیں، پھول میرا وطن" غور سے سننی ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں کو نظم سنائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ نظم " چاند میری زمیں، پھول میرا وطن " سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ مرکزی خیال کسے کہتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بچوں کو ایک بار دوبارہ نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپس میں اپنے اپنے صفحے کی معلومات کو دہرا لیں۔ اب انھیں اپنی کتابیں بند کرنے کے لیے کہیں تاکہ اگلی سرگرمی کروانے کے لیے تیار ہو جائیں۔
- اب چاروں گروہوں سے کہیں کہ وہ آپس میں مل کر نظم کا مرکزی خیال ایک دوسرے کو بتائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ نظم کا مرکزی خیال جماعت کے بچوں کو پڑھ کر سنائے۔ اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ الفاظ کا بہترین چُناؤ کرتے ہوئے، جامعیت کے ساتھ نظم کا مرکزی خیال سنائے، اسے خصوصی شاباش دی جائے۔
- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو جوڑیوں میں تقسیم کریں۔
- ہر جوڑی کو الفاظ پر مشتمل پرچیاں دیں۔ اور ہدایت دیں کہ ہر لفظ کے آخری حرف سے پاکستان کے کسی شہر کا نام بنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر جوڑی کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے اپنے لکھے شہروں کے نام جماعت کو سنائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر استاد خود تمام الفاظ کے آخری حروف سے شہروں کے نام بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو کہیں کہ وہ ان ناموں کو اپنی اپنی کاپیوں پر اتاریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ کو نظم کے اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔ دوسرے گروہ سے نظم کا مرکزی خیال سنیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: چاند میری زمیں، پھول میرا وطن | |

**مقاصد:** علامتِ فاعل اور مفعول (نے اور کو) کا صحیح استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم" چار ایسی تصاویر جن میں فاعل، فعل اور مفعول تینوں موجود ہوں لے کر انھیں درمیان میں سے کاٹ کر چار برابر حصوں میں تقسیم کیا ہو، چار سادہ شیٹیں، ٹیپ، سوال نمبر 5 میں دیے گئے تمام نامکمل جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری لیں۔ اس میں مختلف حروف جار کی پرچیاں بنا کر بند کر کے ڈال لیں۔ جماعت کے تین گروہ بنالیں اور ان کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔ ہر گروہ کے لیڈر کو ہدایت دیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے کوئی سی دو پرچیاں نکال لیں، ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں اور ان حروف کی مدد سے ایک ایک جملہ بنائیں۔ اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے ہوئے جملے بتانے کے لیے کہیں۔ درست جملے بتانے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بورڈ پر چند جملے لکھ دیں۔ جیسے:
  - ☆ سارہ نے پودوں کو پانی دیا۔
  - ☆ استاد نے بچوں کو سبق پڑھایا۔
  - ☆ امی نے احمد کو نصیحت کی۔
  - ☆ ثوبیہ نے کتاب پڑھی۔
  - ☆ احمد نے مرغیوں کو دانہ ڈالا۔

بورڈ پر لکھے اِن جملوں کی بچوں سے باآوازِ بلند پڑھائی کروائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ اِن تمام جملوں میں ایک چیز یکساں ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں وہ کیا ہے؟ بچوں کے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

- بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں "نے" اور "کو" کو خط کشید کر دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِن جملوں میں وہ یکساں چیز "نے" اور "کو" کا استعمال ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم علامتِ فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" کے بارے میں پڑھیں گے۔ بچوں سے فاعل کی تعریف پوچھیں ۔ساتھ ساتھ فاعل کی تعریف بورڈ پر لکھ دیں۔

☆ فاعل: "کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔"

- اب بچوں کو علامتِ فاعل "نے" کے بارے میں بتائیں کہ یہ علامت فاعل یعنی کام کرنے والے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ علامتِ فاعل کی مزید تفہیم کے لیے بورڈ پر لکھے گئے جملوں کی وضاحت علامتِ فاعل کی روشنی میں کریں۔

☆ ولید نے کہا کہ آج ہم چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں گے۔

اس جملے میں حرف "نے" بتاتا ہے کہ ولید فاعل ہے۔ بچوں سے مفعول کے بارے میں سوال کریں۔ ساتھ ساتھ مفعول کی تعریف بورڈ پر لکھ دیں۔

☆ مفعول: "جس اسم پر کوئی کام ہو رہا ہو، اُسے مفعول کہتے ہیں۔"

- اب بچوں کو علامتِ مفعول "کو" کے بارے میں بتائیں کہ یہ علامت، مفعول یعنی جس اسم پر کوئی کام ہو رہا ہو کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ علامتِ فاعل کی مزید تفہیم کے لیے بورڈ پر لکھے گئے جملوں کی وضاحت علامتِ فاعل کی روشنی میں کریں۔

☆ عائشہ کو بخار ہے۔

اس جملے میں حرف "کو" بتاتا ہے کہ عائشہ مفعول ہے۔

- ان علامت فاعل نے اور علامت مفعول کو سے متعلقہ پانچ نامکمل جملے مختلف پرچیوں پر لکھ لیں۔ یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں رکھ دیں۔ بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ یہ ٹوکری باری باری تمام گروہوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔ اس دوران میں بورڈ پر بچوں کو دیے گئے تمام نامکمل جملے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آ کر بورڈ پر وہ جملہ تلاش کر کے خالی جگہ میں درست علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" لگا کر جملہ مکمل کرے گا۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں ۔درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور علامت فاعل نے اور علامت مفعول کو پر مشتمل تین تین جملے لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق اعادہ کروائیں، غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر نامکمل جملے لکھ دیں، جن میں علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے جملے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" پر مبنی تین تین جملے اپنی کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: چاند میری زمیں، پھول میرا وطن | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر چند جملے لکھ سکیں۔
دیے گئے موضوع پر کہانی لکھ سکیں۔
موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، بورڈ، کتاب "اُردو پنجم "ٹوکری، عبارت پر مبنی پرچیاں، میں چار مختلف رنگ کے بٹن، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ اب بچوں کے سامنے ایک ٹوکری کریں جس میں موضوع۔" آزادی بڑی نعمت ہے" لکھا ہو۔ یہ ٹوکری باری باری بچوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھانے کے لیے کہیں
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھا ہوا عنوان پڑھیں اور اس سے متعلق آپس میں تبادلہ خیال کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے پرچیاں واپس لے لیں۔ اور انہیں اس عنوان پر کہانی لکھنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کی لکھی تحریروں کی حوصلہ افزائی کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں:
- اب بورڈ لکھیں:
- آپ اپنے وطن کی ترقی میں کیسے حصہ لینا چاہیں گے ؟
- بچوں کو سوال سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے اور پھر شیٹوں پر جواب لکھنے کی ہدات دیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے لکھے ہوئے جوابات سنانے کی ہدایت دیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ سوال کا جواب چند جملوں میں لکھیں۔ دو سے تین بار درست تلفظ سے پڑھائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور سوال کا جواب لکھیں۔ اس دوان میں ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق اعادہ کروائیں، غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے پوچھیں کہ طالب علم کی حیثیت سے وہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) اسکولوں کے مابین ہونے والے تقریری مقابلوں میں بچوں کو حصہ دلوائیں اور انھیں موضوع سے متعلق تقریر تیار کرنے میں مدد کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: : دھنک (نظم)، شہیدوں اور غازیوں کا دن، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت ، صحت مند ماحول، صحت مند زندگی، چاند میری زمیں، پھول میرا وطن (نظم) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بورڈ پر سبق کا نام "دھنک (نظم)" لکھیں اور طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ سبق کی تیاری امتحانات کے لیے مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں سے مشق میں دیے گئے سوالات کے جواب پوچھیں اور ساتھ ان کو زبانی دہرانے کو کہیں۔
- اسی طرح مشق میں دیے گئے تمام سوالات طلبہ سے کو زبانی دہرانے کو کہیں تاکہ یہ سوال ان کو ذہن نشین ہو جائے۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (0منٹ) N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے حل کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# ورک شیٹ

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خوش نما | | نذرانہ | |
| بلاقیمت | | اہتمام | |
| لعل | | عظمت | |
| کوہ کن | | محنت کش | |

(ب) دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

۱۔ اس نظم میں قدرت کے کس نظارے کو بیان کیا گیا ہے؟

______________________________

۲۔ یوم دفاع سے کیا مراد ہے؟

______________________________

۳۔ "ذوالنورین" کا کیا مطلب ہے؟

______________________________

۴۔ پینے کا پانی کیسے آلودہ ہو رہا ہے؟

______________________________

۵۔ عشرہ مبشرہ کون ہیں؟

______________________________

(ج) دیے گئے الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کریں۔

خورشید پیڑوں سچ مچ مصور عکس مٹی

الف: دے رہی ہے لطف کیا، سرسبز ________ کی قطار

ب: کس ________ نے بھرے ہیں رنگ ایسے خوش نما

ج: سلطنت پر اپنی پھر، ________ نے ڈالی نگاہ

د: اُن پہ ڈالا ________ سورج نے، بنادی یہ کمال

ہ: یہ کوئی جادو ہے یا ________ ہے اک رنگیں کماں

و:　دیکھو دیکھو! اب ________ جاتی ہے وہ پیاری دھنگ

(د) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(الف)　کاپی پنسل لے کر ٹیلی وژن کے سامنے بیٹھ گیا:

نادر　　احمد　　اسد　　علی

(ب)　دستاویزی فلم تھی:

یوم پاکستان سے متعلق　　یوم قائدے سے متعلق　　یوم دفاع سے متعلق　　یوم آزادی سے متعلق

(ج)　ٹینکوں کا قبرستان، کہا جاتا ہے:

لاہور کو　　قصور کو　　کراچی کو　　چونڈہ کو

(د)　بھارتی فوج ٹینک کے کر پاکستان میں داخل ہو گئی:

پانچ سو　　چھے سو　　چار سو　　تین سو

(ہ)　میجر عزیز بھٹی شہید تعینات تھے:

چونڈہ کے محاذ پر　　برکی کے محاذ پر　　واہگہ کے محاذ پر　　قصور کے محاذ پر

(ہ) درست جملے کے سامنے (×) اور غلط کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | مدینہ میں پانی کا کوئی مسئلہ نہ تھا۔ | |
| ب | مکہ سے ہجرت کرنے والے اکثر مسلمان بے سروسامان تھے۔ | |
| ج | میٹھے پانی کے کنویں کا نام بئرِ رومہ تھا۔ | |
| د | یہودی نے کنواں فروخت نہ کیا۔ | |
| ہ | حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قریش کے ایک خاندان بنو ہاشم سے تعلق رکھتے تھے۔ | |
| و | مسجد نبوی ﷺ کی توسیع کے لیے اِرد گرد کے مکانات حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خریدے۔ | |

(ز) بے ترتیب حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں اور مصرعے مکمل کریں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف | میرے کھیتوں کی ________ میں لعل یمن | ی | ٹ | ٹ | م | |
| ب | میرے ________ پسینوں کے ڈھالے ہوئے | ہ | ق | د | ا | ل |
| ج | میرے ________ اس دور کے کوہ یمن | ر | د | و | ز | م |
| د | میرے ________ کشوں کے سنہرے ندن | ت | ن | م | ح | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہ | میرا اِک اِک________ہے خیبر شکن | ی | ہ | ا | پ | س |
| و | گیت گاتے رہیں میرے________دن | ہ | ل | ع | ش | |